Regulation of the Chancellor

Department of Education

Category:	**ETHICS**	Issued: 4/27/09	Number: **D-120**
Subject:	Ethics Code for Parent and Community Members of School Leadership Teams		Page: 1 of 1

تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابط چانسلر کے ضابطے D-120 مورخہ 5 ستمبر، 2000 کی جگہ نافذ العمل ہے-

تبدیلیاں

- رابطے کی معلومات میں تجدید کی گئی ہے- .

تلخیص

ذیل میں اخلاقیات کے وہ ضوابط ہیں جن کا اطلاق تمام والدین اور اسکولی قیادتی ٹیم کے برادری کے ارکان پر ہوتا ہے- اخلاقیات کے ان ضوابط کا اطلاق اسکولی قیادتی ٹیم کے عملے کے ان ممبران پر نہیں ہوتا جن پر مفادات کے تصادم کے مزید کڑے قوانین کا اطلاق ہوتا ہے، جو کہ محکمۂ تعلیم کے ملازمین پر قابلِ اطلاق ہیں-

I. اخلاقیات کے ضوابط – والدین اور اسکولی قیادتی ٹیم کے برادری کے ارکان

ذیل میں وہ دفعات درج ہیں جن کی تعمیل کرنا والدین اور اسکولی قیادتی ٹیم (SLT) کے برادری کے ارکان کے لیے لازمی ہے- مخصوص صورتِ حال میں، والدین اور SLT کے برادری کے ارکان ضلعی ہائی اسکول مہتمم سے دفعات کے لیے معافی حاصل کر سکتے ہیں-

A. والدین اور برادری کے ارکان کسی ایسے فرد کے تحائف قبول نہیں کر سکتے ہیں جو اسکول یا اسکولی قیادتی ٹیم کے ساتھ کاروبار کر رہا ہو-

B. والدین اور برادری کے ارکان اس شخص یا ادارے کے لیے کام نہیں کر سکتے ہیں جو اسکول یا اسکولی قیادتی ٹیم کے ساتھ کاروبار کرنے کے لیے بات چیت کر رہا ہو یا پہلے ہی سے کاروبار کر رہا ہو- ماسوائے کہ انہوں اسکولی قیادتی ٹیم، ضلع یا ہائی اسکول مہتمم اور چانسلر یا چانسلر کے نامزد کردہ (نامزدگان) کو تحریر میں اس بات کی اطلاع پہلے سے دے دی ہو (اور انہوں نے چانسلر یا چانسلر کے نامزد کردہ (نامزدگان) سے تحریر میں اجازت حاصل کی ہو)- اس کے علاوہ، یہ ایسی گفتگو میں شرکت یا ایسے معاملات پر ووٹ نہیں ڈال سکتے جو کہ براہِ راست ادارے – اسکول / اسکولی قیادتی ٹیم کے متعلق ہوں-

C. والدین اور برادری کے ارکان اسکولی قیادتی ٹیم کے رکن کے طور پر کوئی بھی ایسا کام نہیں کر سکتے ہیں جو ان کی، ان کے اہلِ خانہ کے کسی رکن کی، ان کے کاروبار یا ملازمت کی، یا کسی بھی ایسے فرد کی جو کہ ان کے ساتھ معاشی طور پر وابستہ ہو ان کی معاشی طور پر مدد کریں گے-

D. والدین اور برادری کے ارکان کسی نجی فرد یا ادارے کے نمائندے کے طور پر اسکولی قیادتی ٹیم یا اسکول سے بات چیت کرنے کے لیے کوئی بھی چیز قبول نہیں کر سکتے ہیں-

E. والدین اور برادری کے ارکان اسکولی قیادتی ٹیم یا اسکول کی خفیہ معلومات کو غیر اسکولی مقاصد کے لیے استعمال یا کسی نجی فرد یا ادارے کو نہیں بتاسکتے ہیں-

F. والدین ارکان اسکولی قیادتی ٹیم کے فرائض کو انجام دینے کے لیے محکمۂ تعلیم کے علاوہ کسی سے بھی کسی بھی قسم کی حامل زر اشیا قبول نہیں کر سکتے ہیں- برادری کے ارکان اسکولی قیادتی ٹیم کے فرائض کو انجام دینے کے لیے محکمۂ تعلیم یا برادری پر مبنی تنظیم کے علاوہ کسی سے بھی کسی بھی قسم کی حامل زر اشیا قبول نہیں کر سکتے ہیں-

G. والدین اور برادری کے ارکان اسکول کے کسی بھی ملازم کے ساتھ معاشی تعلقات (جیسے کہ ملازمت، کاروباری تعلق، قرضہ یا سرمایہ لگانا) نہیں رکھ سکتے ہیں ماسوائے شوہر، بیوی، گھریلو شراکت دار، والدین ساس اور سُسر، بہن بھائی، بچوں، پوتے، پوتی، نواسے نواسیوں کے-

H. والدین اور برادری کے ارکان کسی مقدمے میں یا منتظمین کی سماعت میں نجی مفاد کے لیے بطور وکلا خدمات انجام نہیں دے سکتے ہیں یا اسکول کے مفاد کے خلاف بطور ماہرین کام نہیں کر سکتے ہیں-

I. والدین اور برادری کے ارکان کسی ایسے ادارے کے ساتھ مستقبل میں ممکنہ ملازمت پر بات چیت نہیں کر سکتے ہیں جس کے ساتھ یہ اسکولی قیادتی ٹیم کے رکن کے طور پر خدمات انجام دینے کے حصے کے طور پر کام کر رہے ہیں- اس کے علاوہ، یہ کسی ایسے ادارے کے ساتھ مستقبل میں ملازمت پر بات چیت نہیں کر سکتے جو اسکول کے ساتھ کاروبار کر رہا ہے یا کاروبار کرنے پر بات چیت کر رہا ہے- ماسوائے کہ یہ ٹیم اور ضلع یا ہائی اسکول کے مہتمم کو اس بات سے مطلع کریں کہ اسکولی قیادتی ٹیم کے طور پر خدمات انجام دیتے ہوئے ادارے کے ساتھ کسی طرح ملوث نہیں ہوں گے-

اگر ایک والدین یا برادری کا رکن اسکول کے ساتھ کاروبار کرنے والے ادارے کے ساتھ ملازمت کر لیتا ہے تو، ان کے لیے ٹیم سے استعفٰی دینا لازمی ہے- ادارے کے کام کے حصے کے طور پر، ٹیم کے سابقہ ارکان اسعفٰی دینے یا خارج کیے جانے کے ایک سال تک اس اسکول کے ساتھ کاروبار نہیں کر سکتے ہیں یا اس اسکول کے ساتھ کام

کرنے کے متعلق رابطہ نہیں کر سکتے ہیں-

J. کوئی بھی ایسے والدین یا برادری کے ارکان جو ان ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو یہ ضلعے یا بائی اسکول مہتمم کے ذریعے فوری طور پر خارج کیے جانے کے موقوف پر ہوں گے- ایک ایسے والدین یا برادری کے رکن جو کہ ضلعے یا بائی اسکول مہتمم کی جانب سے خارج کیے جا چکے ہیں وہ چانسلر یا چانسلر کے نامزد کردہ (نامزدگان) کے پاس خارج کیے جانے کی اپیل کر سکتے ہیں-

K. یہ ہر والدین یا برادری کے رکن کا اقراری فرض ہے کہ یہ ضابطے کی خلاف ورزی کرنے والوں کی شکایت ضلعے یا بائی اسکول مہتمم کو دیں-

II. استفسارات

اس ضابطے کے متعلق استفسارات کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے :

ٹیلیفون : 212-374-3438	*Ethics Officer* *Office of Ethics and Conflicts of Interest* N.Y.C. Department of Education 52 Chambers Street – Room 308 New York, NY 10007	فیکس: 212-374-5596